# نگہداشت کنندہ کے متعلق سوالنامہ

## یہ سروے کس لیے کیا جا رہا ہے؟

یہ سوالنامہ ایک قومی طبی آڈٹ کا حصہ ہے جس کا مقصد اسپتالوں کی طرف سے کنفیوژن یا یاد داشت سے متعلق مسائل کے شکار لوگوں کو فراہم کی جانے والی نگہداشت کا معیار بہتر بنانا ہے۔ ہم ستمبر 2022 اور جنوری 2023 کے درمیان یاد داشت کے مسائل کے شکار کسی شخص کے اسپتال میں داخل ہونے کے دوران اس سے ملنے جانے والے نگہداشت کنندگان (خاندان کے افراد یا کلیدی ارکان) کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ مریض کو حاصل ہونے والی نگہداشت اور اسپتال کے عملے کے ساتھ آپ کی گفت و شنید کے بارے میں آرا شیئر کریں۔

ان معلومات کو اچھے کاموں نیز بہتری کی گنجائش رکھنے والے پہلوؤں کی نشاندہی کے لیے استعمال کیا جائے گا تاکہ نگہداشت کے معیارات کو بہتر بنانے میں اسپتالوں کی مدد کی جا سکے۔ آپ اپنی آرا دے سکتے ہیں اور ان کے خلاصے پر مبنی رپورٹس 2023 میں شائع کی جائیں گی۔

## رازداری:

- یہ سوالنامہ مکمل طور پر بے نام ہے اور اسپتال کا عملہ آپ کے جوابات نہیں دیکھے گا۔

- اس فارم کو مکمل اور واپس کر کے آپ قومی آڈٹ، بشمول ہماری رپورٹس، میں اپنے جوابوں کو استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ اس بارے میں مزید معلومات کہ ہم ڈیٹا کیسے استعمال کرتے ہیں ہماری ویب سائٹ پر ہمارے رازداری کے نوٹس میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

- اگر آپ اس سوالنامے کو پُر نہ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ہم آپ کے فیصلے کا احترام کریں گے اور آپ جس شخص کا خیال رکھ رہے ہیں اس کو فراہم کی جانے والی نگہداشت کسی بھی طرح متاثر نہیں ہو گی۔

- یہ شکایتی فارم نہیں ہے۔ پراجیکٹ ٹیم تمام جوابات کو دیکھے گی لیکن چونکہ ہم آپ کا نام نہیں پوچھتے اس لیے ہم آپ کے انفرادی خدشات یا شکایتوں کو فالو اپ نہیں کر سکیں گے۔ اگر آپ شکایت کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی سروس یا اپنی مقامی مریضوں کے مشورے اور رابطے کی سروس (PALS) سے بات کریں اور یہ سروسز شکایت کرنے کے بارے میں رازدارانہ مشورہ پیش کر سکیں گی۔

- اگر آپ ہمیں کسی مریض کو نقصان پہنچنے کے خطرے سے آگاہ کرتے ہیں تو ہمیں فوری طور پر اسپتال سے رابطہ کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

**Q1** براہ مہربانی اسپتال کا نام درج کریں:

**Q2** مریض کو کس عرصے کے دوران اسپتال میں داخل کیا گیا تھا؟

- 19 ستمبر 2022 سے 3 جنوری 2023
- 1 جنوری 2022 سے 18 ستمبر 2022
- 2022 سے پہلے

درج ذیل میں سے کون سا بیان اس شخص کے ساتھ آپ کے تعلق کی بہترین عکاسی کرتا ہے جس کی آپ دیکھ بھال کر رہے ہیں؟

- شوہر/بیوی یا پارٹنر
- خاندان کا فرد
- دوست
- پیشہ ور نگہداشت کنندہ (صحتی یا سماجی نگہداشت)
- دیگر

کیا آپ اس شخص کے بنیادی نگہداشت کنندگان میں سے ایک ہیں جس کی آپ دیکھ بھال کر رہے ہیں؟ مثلاً خاندان کا نگہداشت کنندہ یا بنیادی کارکن۔

- ہاں
- نہیں

## مریض کی نگہداشت

**Q3** کیا آپ کو لگتا ہے کہ اسپتال کا عملہ آپ کے زیرِ نگہداشت شخص کی ضروریات کو جانتا اور سمجھتا تھا؟

- ہاں، بالکل
- ہاں، کسی حد تک
- نہیں
- نہیں پتہ

**Q4** کیا آپ کو لگتا ہے کہ اسپتال کے عملے نے اعلی معیار کی نگہداشت فراہم کی جو آپ کے زیرِ نگہداشت شخص کی ضروریات کے لیے موزوں تھی؟

- ہاں، بالکل
- ہاں، کسی حد تک
- نہیں
- نہیں پتہ

## کمیونیکیشن

**Q5** کیا اسپتال کے عملے نے آپ کے زیرِ نگہداشت شخص کی ذاتی دیکھ بھال میں کافی مدد کی تھی؟ مثلاً کھانا، پینا، دھونا اور غسل خانہ استعمال کرنا۔

- ◯ ہاں، بالکل
- ◯ ہاں، کسی حد تک
- ◯ نہیں
- ◯ نہیں پتہ

**Q6** کیا اسپتال کا عملہ آپ کے زیرِ نگہداشت شخص کے ساتھ احترام سے پیش آیا تھا؟

- ◯ ہاں، بالکل
- ◯ ہاں، کسی حد تک
- ◯ نہیں
- ◯ نہیں پتہ

**Q7** کیا اسپتال میں قیام کے دوران ان کی نگہداشت اور پیش رفت کے بارے میں آپ (یا مریض، جہاں مناسب ہو) کو واضح طور پر آگاہ کیا جاتا رہا تھا؟ مثلاً علاج اور اسپتال سے چھٹی کے پلانز کے بارے میں۔

- ◯ ہاں، بالکل
- ◯ ہاں، کسی حد تک
- ◯ نہیں
- ◯ نہیں پتہ

**Q8** کیا ان کی نگہداشت کے بارے میں فیصلوں کے حوالے سے آپ (یا مریض، جہاں مناسب ہو) کو اس حد تک شامل کیا گیا تھا جس حد تک آپ چاہتے تھے؟

- ◯ ہاں، بالکل
- ◯ ہاں، کسی حد تک
- ◯ نہیں
- ◯ نہیں پتہ

**Q9** کیا اسپتال کے عملے نے آپ کے زیرِ نگہداشت شخص کی نگہداشت کی منصوبہ بندی میں مدد کے لیے اس شخص کی ضروریات کے بارے میں آپ سے پوچھا تھا؟

- ◯ ہاں، بالکل
- ◯ ہاں، کسی حد تک
- ◯ نہیں
- ◯ نہیں پتہ

## مجموعی طور پر

**Q10** مجموعی طور پر آپ اسپتال میں قیام کے دوران آپ کے زیرِ نگہداشت شخص کو موصول ہونے والی نگہداشت کو کیا درجہ دیں گے؟

- بہترین
- بہت اچھی
- اچھی
- مناسب
- بری

**Q11** اگر آپ کے دوستوں اور رشتے داروں کو ملتی جلتی نگہداشت یا علاج کی ضرورت ہوئی تو کتنا امکان ہے کہ آپ انہیں یہ سروس تجویز کریں گے؟

- انتہائی ممکن
- ممکن
- نہ ممکن نہ غیر ممکن
- غیر ممکن
- انتہائی غیر ممکن
- پتہ نہیں

**Q12** مجموعی طور پر آپ نگہداشت کنندہ کے اپنے کردار میں مدد کے لیے اس اسپتال کی طرف سے موصول کردہ اسپورٹ سے کس حد تک مطمئن ہیں؟

- بہت مطمئن
- کسی حد تک مطمئن
- کسی حد تک غیر مطمئن
- بہت غیر مطمئن
- مجھے اسپورٹ کی ضرورت/خواہش نہیں

**Q13** آپ کے زیرِ نگہداشت شخص کو اسپتال کی طرف سے فراہم کردہ سروس کے بارے میں آپ کوئی تبصرہ کرنا چاہیں گے؟ مثلاً کوئی ایسی بات جس کے بارے میں آپ خاص طور پر خوش یا نا خوش تھے؟

توجہ فرمائیں: آپ کے تبصروں کو اس اسپتال کی رپورٹ میں شامل کیا جائے گا اور انہیں قومی رپورٹ میں دیا جا سکتا ہے۔ رپورٹ میں شامل کی گئی تمام معلومات بے نام ہوں گی اور آپ کی طرف سے دی گئی ہر طرح کی شناختی معلومات کو رپورٹ کرنے سے پہلے مٹا دیا جائے گا۔

## آپ کے متعلق معلومات

**Q14** آپ کی جنس کیا ہے؟

- ◯ مرد
- ◯ عورت
- ◯ دیگر
- ◯ نہیں بتانا چاہتا

**Q15** آپ کی عمر کیا ہے؟

- ◯ 18 سے 24 سال
- ◯ 25 سے 34 سال
- ◯ 35 سے 44 سال
- ◯ 45 سے 54 سال
- ◯ 55 سے 64 سال
- ◯ 65 سے 74 سال
- ◯ 75 سے 84 سال
- ◯ 85 سال اور زیادہ
- ◯ نہیں بتانا چاہتا

**Q16** براہ مہربانی اپنی نسل کے بارے میں بتائیں:

- ◯ سفید فام/سفید فام برطانوی
- ◯ سیاہ فام/سیاہ فام برطانوی
- ◯ ایشیائی/ایشیائی برطانوی
- ◯ کثیر نسلی
- ◯ دیگر
- ◯ نہیں بتانا چاہتا

**آپ کے جوابات کا بہت شکریہ۔**

NHS Code:

[ ]

**For office use only**

NAD reference number

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |